سوال

(683)بیماری کی حالت میں شادی کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی مریض ہے اور اس نے اپنی بیماری کی حالت ہی میں شادی کی ہے، تو کیا یہ عقد صحیح ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیمار کا نکاح صحیح ہے (اور اگر وہ اس بیماری کے نتیجے میں فوت ہو جاتا ہے) عورت اس کی وارث ہوگی، جمہور صحابہ وتابعین کا یہی قول ہے، اور یہ مہر مثل کی مستحق ہوگی، اس کے زیادہ کی نہیں، اور یہ متفقہ مسئلہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 485

محدث فتویٰ